ilmkidunya
علم کی دنیا

Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 4 Short Questions Test

Q1. سورۃ الانفال کے مضامین کے دو نکات تحریر کریں

Ans 1: 1- غزوہ بدر میں فرشتوں کے نزول کے زریعے اللہ تعالی کی غیبی مدد کا تزکرہ کیا گیا ہے- 2- سورت کے آغاز میں مسلمانوں کو تقویٰ ، اطاعت حق، زکر الہی اور اللہ تعالی پر توکل کی تعلیم دی گئی ہے.

Q2. سورۃ الانفال میں اہل مکہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

Ans 1: مکہ مکرمہ میں حضرت ﷴ رسول اللہ خاتم النبین اعلان نبوت کے بعد تیرہ سال مقیم رہے- اس دوران مکہ مکرمہ کے کفار نے نبی کریم صلی اللہ خاتم النبین اور آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو طرح طرح سے ستانے اور ناقابل برداشت تکلیفیں پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی.

Q3. یوم الفرقان سے کیا مراد ہے.

Ans 1: سورۃ الانفال میں غزوہ بدر کے دن " یوم الفرقان" بھی فرمایا گیاہے- فرقان کا معنی ہے حق اور باطل کے درمیان فیصلہ- اس جنگ میں کفار مکہ کو شکست ہوئی- اور اسلام کی حقانیت ظاہر ہوئی- اس لیے اسے یوم الفران کہا جاتا ہے.

Q4. سورۃ الانفال کب اور کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: سورۃ الانفال دو ہجری کے لگ بھگ مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے بعد نازل ہوئی.

Q5. سورۃ البقرہ کے مضامین کی گہرائی اور وسعت کے بارے میں تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ البقرہ کے مضامین کی گہرائی اور وسعت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ جیسے جلیل القدر صحابی کو اس سورت کو مکمل طور پر سیکھنے مین بارہ سال لگے، جب کہ ان کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے اس سورت کو آٹھ سال میں اس کے تمام مضامین کے ساتھ سیکھا.

Q6. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے؟.

Ans 1: مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

Q7. لفظ کے معنی تحریر کریں- خلفھم- ولا یودہ - یتخبطہ- اوتخفوہ- ملٰکتیہ- ان نسینا-

Ans 1: خلفھم- ان کے پیچھے- ولا یودہ- اسے نہیں تھکاتی - یتخبطہ- اسے پاگل کردیا اوتخفوہ- یا اسے چھپاؤ- ملائکتہ- اس کے فرشتے- ان نسینا- اگر ہم بھول جائیں

Q8. لفظ کے معنی لکھیں- قعودا- سبحنک- اخزیتہ- منادی- سیاتیا- لاتخزنا- المیعاد-

Ans 1: قعودا- بیٹھے بیٹھے- سبحنک- تو پاک ہے- اخزیتہ- تونے اسے رسوا کردیا منادی - پکارنے والا- سیاتنا- ہمارے برائیاں - لاتخزنا- ہمیں رسوا مت کرنا المیعاد- وعدہ

Q9. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

Ans 1: مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیہے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.

Q10. سورۃ ال عمران مین کن دو گروہوں سے خطاب ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا خطاب خصوصیت کے ساتھ دو گروہوں کی طرف ہے. 1- ایک اہل کتاب یعنی یہودی اور مسیحی 2- دوسرے وہ لوگ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر ایمان لائے.